Directorate Of Education GNCT Of Delhi

(Practice Question Paper 2023-24)

Subject : Urdu A

Class : X

Code : 003

Time : 3 Hrs. | Max Marks : 80

## Section A (حصّہ الف)

سوال نمبر1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ (1x5=5)

نیوٹن 1644 میں انگلستان میں پیدا ہوا۔ نیوٹن ایک ذہین بچہ تھا مگر اسے مدرسہ سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ جب وہ نوجوان تھا تو اس کی ماں نے اسے اٹھوالیا تا کہ وہ ایک کامیاب انسان بن جائے مگر صرف ستائیس برس کی عمر میں اس نے سائنسی نظریات کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں۔ کسے معلوم تھا کہ اسکول جانے سے کترانے والا یہ لڑکا ایک عظیم سائنس داں کی حیثیت سے دنیا کے سامنے آئے گا۔ اس نے ٹیلی اسکوپ جیسی دوربین ایجاد کر کے علم فلکیات میں تہلکہ مچادیا اور یہی وہ عظیم سائنس داں تھا جس نے یہ بتایا کہ سفید روشنی دراصل قوس قزح کے تمام رنگوں کے ملاپ سے بنتی ہے۔ نیوٹن نے روشنی کے قوانین کی مدد سے روشنی منعکس کرنے والی پہلی دوربین کا نقشہ اور ڈھانچہ تیّار کیا۔ خاص طریقے سے بنائی گئی یہ دوربین آج بھی بڑے فلکیاتی مشاہدوں کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

(i) 1644 میں کون پیدا ہوا؟

(ii) ماں نے نیوٹن کو مدرسے سے کیوں اٹھوالیا تھا؟

(iii) نیوٹن نے ستائیس برس کی عمر میں کیا کیا؟

(iv) نیوٹن نے کیا چیز ایجاد کی؟

(a)۔کار (b)۔ٹیلی اسکوپ (c)۔ٹیلی فون (d)۔ٹیلی وژن

(v) دوربین کس طرح کے مشاہدوں میں استعمال ہوتی ہے؟

(a)۔جزیاتی (b)۔برقیاتی (c)۔فلکیاتی (d)۔تقریباتی

سوال نمبر۔2 مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ (1x5=5)

سدا سبھی کے تم کام آؤ
مجبوروں کو گلے لگاؤ
بن کے تم کردار کے غازی
سب کی آنکھوں میں بس جاؤ

بغض وحسد سے خود کو بچاؤ
جھوٹ نہیں سچ کو اپناؤ
انسانی اقدار کا پرچم
ہر جانب بچوں! لہراؤ
استادوں کا مان بڑھاؤ
دنیا میں تم نام کماؤ

(i) کس کو گلے لگانے کے لیے کہا گیا ہے؟

(ii) آنکھوں میں کس طرح بسا جائے گا؟

(iii) بغض وحسد سے کیا کرنا ہے؟

(iv) کن اقدار کا پرچم لہرانے کی بات کہی گئی ہے؟

(a)۔حیوانی (b)۔انسانی (c)۔مشینی (d)۔تعلیمی

(v) مان کن کا بڑھانا ہے؟

(a)۔والدین کا (b)۔امام کا (c)۔استادوں کا (d)۔مولانا کا

سوال نمبر۔3 مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (1x5=5)

گرمی اور برسات کے موسم میں اب بھی دلّی کے اکثر باشندے سہ پہر کو جمنا پر جا کر پانی کی سیر دیکھتے ہیں اور تیرنے والے تیرتے ہیں، مگر پچاس برس پہلے وہاں اشراف تیرنے والوں کے بہت دلچسپ جلسے ہوتے تھے۔ سر سیّد کہتے تھے کہ "میں نے اور بڑے بھائی نے اپنے والد سے تیرنا سیکھا تھا۔ ایک زمانہ تو وہ تھا کہ ایک طرف دلّی کے مشہور تیراک مولوی علیم اللہ کا غول ہوتا تھا جن میں مرزا مغل اور مرزا طفل بہت سر برآوردہ نامی تھے۔ اور دوسری طرف ہمارے والد کے ساتھ سوسوا شاگردوں کا گروہ ہوتا تھا۔ یہ سب ایک ساتھ دریا میں کودتے تھے اور مجنوں کے ٹیلے سے شیخ محمّد کی بائیں تک یہ سارا گروہ تیریا جاتا تھا۔ پھر جب ہم دونوں بھائی تیرنا سیکھتے تھے تو اس زمانے میں بھی تیس چالیس آدمی والد کے ساتھ ہوتے تھے۔

(i) سر سیّد نے تیرنا کس سے سیکھا تھا؟

(ii) گرمی اور برسات کے موسم میں دلّی کے اکثر باشندے جمنا پر کس کی سیر دیکھتے ہیں؟

(iii) دلّی کے مشہور تیراک کا کیا نام تھا؟

(iv) سر سیّد کے والد کے ساتھ کتنے شاگردوں کا غول ہوتا تھا؟

(a)۔سوسوا سو (b)۔سودوسو (c)۔دوتین سو (d)۔تین چارسو

(v) تیرنے والوں کا سارا گروہ کہاں تک تیرتا تھا؟

(a)۔شیخ محمّد کے دائیں تک (b)۔مجنوں کے ٹیلے کے بائیں تک

(c)۔شیخ محمّد کی بائیں تک (d)۔مجنوں کے ٹیلے کے دائیں تک

سوال نمبر4۔ درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجیے۔ (1x5=5)

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے
کم ہوں گے اس بساط پہ ہم جیسے بد قمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے
ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے
نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہونا ہے، ہو وہی
دانش تری، نہ کچھ مری دانشوری چلے

(i) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) اس غزل میں شاعر نے کس کام کو بہتر بتایا ہے؟

(iii) اس غزل میں شاعر نے کس کی عمر کا ذکر کیا ہے؟

(iv) شاعر نے کس پر ناز نہ کرنے کی نصیحت کی ہے؟

(a)۔دولت پر (b)۔شہرت پر (c)۔خرد پر (d)۔عمر خضر پر

(v) درج بالا اشعار نظم کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں؟

(a)۔جدید نظم (b)۔رباعی (c)۔غزل (d)۔مثنوی

## Section B (حصّہ ب)

سوال نمبر5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300۔250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (10x1=10)

(1) آلودگی :ایک سنگین مسئلہ

(2) بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اور ان کا حل

(3) بے روزگاری

سوال نمبر6۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بھائی کی شادی میں شرکت کے لئے تین دن کی چھٹّی کی درخواست لکھیے۔ (4x1=4)

یا

اپنے دوست کو خط لکھ کر بڑی بہن کی شادی میں شرکت کے لیے دعوت دیجیے۔

سوال نمبر7۔ محمّد مجیب کی سوانح حیات اور ادبی خدمات تحریر کیجیے۔ (4 x1=4)

یا

سبق ''نیا قانون'' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر8۔ 'اصغر گونڈوی' کے حالات زندگی اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ (3x1=3)

یا

''جلوۂ دربارِ دہلی'' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر9۔ افسانہ 'آئی۔سی۔ایس' یا 'گلی ڈنڈا' میں سے آپ کس سے زیادہ متاثر ہیں، لکھیے۔ (4x1=4)

## Section C (حصّہ ج)

سوال نمبر10۔ (i) زمانہ ماضی اور زمانہ مستقبل کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1x2=2)

(ii) فعل مجہول کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1x2=2)

(iii) وہ فعل جس کا اثر فاعل تک ہی محدود رہے مفعول پر اثر نہ ڈالے کیا کہلاتا ہے۔ (1x1=1)

(a)۔فعل لازم (b)۔فعل متعدی (c)۔فعل معروف (d)۔فعل مجہول

سوال نمبر11۔ (i) صنعت تضاد کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1x2=2)

(ii) دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے

موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے

اس شعر میں قافیہ کی نشاندہی کیجیے۔ (1x1=1)

(iii) تشبیہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1x2=2)

سوال نمبر12۔ (i) درج ذیل محاوروں کو جملے میں استعمال کیجیے۔ (1x4=4)

جان میں جان آنا۔خون کھولنا۔سبز باغ دکھانا۔نام روشن کرنا

(ii) ششدر کے معنی لکھیے۔ (1x1=1)

(iii) 'موج تند' کے معنی لکھیے۔ (1x1=1)

سوال نمبر13۔ (i) ختمہ کسے کہتے ہیں؟ علامت کے ساتھ لکھیے۔ (1x2=2)

(ii) وہ نشان بنائیے جو جملے میں سوالیہ اظہار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر14۔ (i) ایسی نظم جسمیں نہ تو قافیے کی پابندی کی جاتی ہے اور نہ اسکے تمام مصرعے برابر ہوتے ہیں کیا کہلاتا ہے؟ (1x2=2)

(ii) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟

## Section D (حصّہ د)

سوال نمبر15۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) بھولا گیتا شوق سے کیوں سنتا تھا؟

(ii) استاد منگو کون تھا؟ اسے دنیا کے حالات کی خبریں کس طرح ملا کرتی تھیں؟

(iii) مخلوط زبان سے کیا مراد ہے؟

(iv) ہمیں اپنے ماحول کو بچانے کے لیے کیا کیا اقدامات کرنے چاہیئے۔

سوال نمبر16۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) عمر خضر سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) میرا حصّہ دور کا جلوہ، شاعر نے کیوں کہا؟ وضاحت کیجیے۔

(iii) شاعر خالی ظرف کی صدا سے کیا سمجھانا چاہتا ہے؟

سوال نمبر17۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) مصنّف کو پہلے فقیر پر کیوں رحم آیا؟ پہلے فقیر کا حلیہ کیسا تھا؟

(ii) ان دیوتا کو برہما نے کیا سندیس بھیجا؟

(iii) لکھنؤ کی سرزمین کے متعلق خاکہ نگار نے کیا بات کہی ہے؟

(iv) مصنّف نے گدڑی کے لال کس کو اور کیوں کہا ہے؟

سوال نمبر18۔ غزل یا افسانہ میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ (1x3=3)

☆☆☆